| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'خ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے دو الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف 'ا تا ح' کا تلفظ صوتی آواز اراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'خ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'خ' ہے۔ اس کی شکل بھی ج، چ، ح جیسی ہے مگر اس کے سر پر ایک نقطہ آتا ہے۔ حرف 'خ' حروف تہجی کا گیارہواں حرف ہے۔ بچوں کو خرگوش کی بڑی تصویر دکھا کر پوچھا جائے گا۔ یہ کونسا جانور ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خرگوش کو گاجر کھانا پسند ہے۔۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خرگوش کی ابتدائی آواز 'خ' ہے۔ 'خ' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'خ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'خ' کے ذخیرہ الفاظ (خط، خرگوش، خوبانی، خربوزہ، خواب، خیمہ، خانہ کعبہ) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔۔ بچوں کو حرف 'خ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ جس میں وہ حرف ج اور خ میں سے حرف خ کی نشاندہی کریں گے بچوں سے خ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'خ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br>10 منٹ | حروف فلیش کارڈ اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br>پی پی ٹی<br><br><br>ہوپ سکوچ گیم | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’خ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ’حرف ’خ‘ کی پہچان کر سکیں‘ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف ’خ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈ اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’خ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’خ‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’خ‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>خرگوش میاں خرگوش میاں کہاں گئے تھے    گاجر کی ٹوکری میں سو رہے تھے<br>گاجر نے ٹانگ ماری رو رہے تھے    امی نے پیار کیا ہنس رہے تھے<br>حرف ’خ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف خ پر انگلی پھیریے اور خ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے ’خ‘ کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 26 | |
| | **خ سے خرگوش:**<br>بچوں کو پیپر کپ، ناک، آنکھوں اور کان کے کٹ آؤٹس دیئے جائیں گے یہ تمام چیزیں پیپر کپ کے اوپر لگا کر بچوں کو خرگوش بنانے میں مدد کی جائے گی بچوں سے خرگوش کی ابتدائی آواز بار بار پوچھی جائے گی۔ | | پیپر کپ، سفید چارٹ پیپر گوگلی آنکھیں، گلو | |
| | **گھر کا کام:**<br>دیئے گئے خطوں میں سے حرف ’خ‘ کے خط میں رنگ بھریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'خ' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کا تلفظ اُس کی آواز اور شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'خ' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'خ' کی کہانی سنیں گے۔<br>خالد نے ایک دن خواب میں دیکھا کہ ان کے گھر ڈاکیا ایک خط لایا ہے۔ جب خالد نے وہ خط اپنی امی کو دیا تو اس کی امی بہت خوش ہوئیں کیونکہ اس میں لکھا تھا کہ خالد کی خالہ اور خالو خانہ کعبہ جا رہے ہیں خالد کی والدہ نے خالہ کو فون کر کے مبارک باد دی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے Salt Tray پر حرف خ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے خ کے نقطوں کی تعداد پوچھی جائے گی۔ سفید بورڈ/تختہ سیاہ پر آم، انگور، خوبانی، خربوزہ، کیلا کی تصاویر پر چسپاں کی جائیں گی اور بچوں سے 'خ' سے شروع ہونے والے ہلال کے گرد دائرہ لگوایا جائے گا۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں خربوزہ کی آوٹ لائن ہوگی۔ بچوں کو پیلے پیپر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے خربوزہ پر چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'خ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے؟ 'خ' کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں؟ خربوزہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ پیلے پیپر (چھوٹے ٹکڑوں میں کٹے ہوئے)، گلو | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'خ' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'خ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'خ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'خ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو خانہ کعبہ خواب اور خیمہ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے اور ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے ج تا خ تک حروف کے لفظوں کی مشق سفید بورڈ تختہ سیاہ پر کروائی جائے گی بچوں کو کتاب صفحہ 27 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ جگنو کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو حرف 'خ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'خ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے خانہ کعبہ خط، خواب کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br><br><br><br><br><br><br>رنگین مارکر | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'خ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'خ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ، کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'خ' کی لکھائی کاپی میں کریں گے حرف 'خ' کو پلے کارڈ سے بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'خ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے خ کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'خ' پر پنسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |